تلنگانہ ہائی کورٹ کے نئے چیف جسٹس جسٹس اپریش کمار سنگھ نے حلف لیا

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ ہائی کورٹ کے نئے چیف جسٹس جسٹس اپریش کمار سنگھ نے آج دوپہر حیدرآباد کے راج بھون میں حلف لیا۔ یہ تقریب دوپہر ٹھیک 12 بجکر 30 منٹ کو منعقد ہوئی، جہاں گورنر جشنو دیو ورما نے جسٹس اپریش کمار سنگھ کو چیف جسٹس کے طور پر حلف دلایا۔ جسٹس سنگھ اس سے قبل تریپورہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں۔ حال ہی میں سپریم کورٹ کالیجیم کی سفارش پر ان کا تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے طور پر تبادلہ کیا گیا۔ اس حلف برداری تقریب میں ہائی کورٹ کے کارگزار چیف جسٹس جسٹس پی ایس کوشی، وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرمارکا، متعدد وزرا، جسٹس، اعلیٰ سرکاری عہدیدار اور عوامی نمائندے شریک ہوئے۔

تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی سے سابق کرکٹر سید کرمانی کی ملاقات



حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) سابق وکٹ کیپر اور 1983 کے ورلڈ کپ فاتح ٹیم کے رکن سید کرمانی نے ہفتہ کو چیف منسٹر ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔ یہ ملاقات جوبلی ہلز میں واقع چیف منسٹر کی رہائش گاہ پر ہوئی جہاں وزیر ویویک وینکٹ سوامی بھی موجود تھے۔ اس ملاقات کے دوران کرمانی نے ریاست میں کھیلوں سے متعلق پالیسیوں کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں میں چھپی ہوئی صلاحیتوں کو سامنے لانے کی شدید ضرورت ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کرمانی کی کرکٹ میں خدمات کی ستائش کی اور کہا کہ ریاست کے نوجوانوں کے لئے ان کی رہنمائی بہت قیمتی ثابت ہوسکتی ہے۔

سائبر جرائم کے بڑھتے خطرات، چوکس رہنے کی ضرورت: پولیس

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد کے کشائی گوڑہ پولیس اسٹیشن کے انسپکٹر بھاسکر ریڈی نے کہا ہے کہ سائبر جرائم کے بڑھتے خطرات کے پیشِ نظر ہر شہری کو محتاط اور چوکس رہنے کی ضرورت ہے خصوصاً طلبہ اور نوجوان طبقہ کو اس سلسلہ میں خاص احتیاط کرنی چاہیے۔ یہ بات انہوں نے چرلا پلی ڈویژن کے چکری پورم ویلفیئر ایسوسی ایشن اور کشائی گوڑہ پولیس اسٹیشن کے اشتراک سے منعقدہ سائبر جرائم سے متعلق شعور بیداری پروگرام کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی بھی شخص کے ساتھ آن لائن دھوکہ دہی ہو تو فوراً سائبر کرائم سیل کو اطلاع دیں تاکہ مجرموں کے بینک اکاؤنٹس کو فوری طور پر منجمد کیا جاسکے اور جانچ کے بعد ملزمین تک پہنچا جاسکے۔ انسپکٹر نے مزید کہا کہ جرائم پر قابو پانے اور ایک پرامن سماج کے قیام کیلئے ضروری ہے کہ کالونیوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں

حیدرآباد عثمان ساگر اور حمایت ساگر کی سطح میں اضافہ

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد کے اہم ذخایر آب عثمان ساگر اور حمایت ساگر کی سطح میں اضافہ درج کیا گیا ہے۔ عثمان ساگر کے آبگیر علاقوں بشمول چیوڑلہ، وقارآباد، شنکرپلی، مومن پلی میں ہوئی شدید بارش کے بعد ہفتہ کی صبح سے عثمان ساگر اور حمایت ساگر میں پانی کی آمد شروع ہوگئی ہے۔ اسی طرح حمایت ساگر میں بھی بالائی علاقوں جیسے چیوڑلہ، اندا پور، نارکوڈا، تانڈور اور موئن آباد سے پانی پہنچ رہا ہے۔ حیدرآباد میٹروپولیٹن واٹر سپلائی اینڈ سیوریج بورڈ کے عہدیدار صورتِ حال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں تاکہ قریبی آبادیوں کی سلامتی کو یقینی بنایا جاسکے۔ واٹر بورڈ کے حکام نے اطراف کے علاقوں کے مکینوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سرکاری اطلاعات اور ممکنہ انتباہات پر دھیان دیں۔ کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لیے ایمرجنسی سروسز کو تیار حالت میں رکھا گیا ہے۔ ادھر واٹر بورڈ نے 19 جولائی کی صبح 6 بجے تک دونوں ذخائر میں موجود پانی کی سطح سے متعلق تفصیلات جاری کی ہیں: عثمان ساگر: مکمل سطح ذخیرہ: 1790.00 فٹ (3.900 ٹی ایم سی)، موجودہ سطح: 1782.50 فٹ (2.440 ٹی ایم سی)، پانی کی آمد: 1250 کیوسک۔ پانی کا اخراج: ندارد۔

حمایت ساگر: مکمل سطح ذخیرہ: 1763.50 فٹ (2.970 ٹی ایم سی)، موجودہ سطح: 1758.80 فٹ (2.114 ٹی ایم سی)، پانی کی آمد: 1600 کیوسک

تلنگانہ کے کئی اضلاع میں بارش۔ کسانوں میں خوشی کی لہر

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے کئی اضلاع میں گزشتہ روز موسلا دھار بارشیں ہوئی جس سے کسانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ بارش سے وہ فصلیں جنہیں بارش کی کمی کے باعث سوکھنے کا خطرہ لاحق تھا، اب نئی جان پا گئی ہیں۔ رنگا ریڈی ضلع میں ہوئی موسلا دھار بارش کے سبب چیوڑلہ میں واقع ایس سی طلبہ کے ہاسٹل میں پانی گھٹنوں تک جمع ہوگیا۔ پورا ہاسٹل احاطہ پانی سے بھر گیا جس کے نتیجہ میں طلبہ کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ طلبہ نے شکایت کی کہ سڑک کی سطح اونچی ہونے کی وجہ سے باہر کا بارش کا پانی ہاسٹل میں داخل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گھٹنوں تک پانی جمع ہونے کی وجہ سے انہیں ہاسٹل آنے اور جانے میں شدید دشواری پیش آرہی ہے۔ طلبہ نے الزام لگایا کہ انہوں نے اس سنگین مسئلہ کے سلسلہ میں کئی بار متعلقہ حکام کو شکایات کیں لیکن کوئی خاطر خواہ اقدام نہیں کیا گیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اب تو کم از کم حکام فوری توجہ دیں اور مناسب اقدامات کریں تاکہ ان کی مشکلات کا ازالہ ہوسکے۔ اسی دوران حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں آئندہ پانچ دنوں تک مختلف مقامات پر بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ اس ضمن میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ بارش کے ایام میں ہر ممکن احتیاطی اقدامات کیے جائیں اور عوام کو کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچانے کے لیے چوکس رہیں۔

حیدرآباد میں بونال تہوار

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد میں بونال تہوار کے سلسلہ میں اتوار اور پیر کو بونال تہوار کے سلسلہ میں حکومت کی جانب سے انتظامات کیے گیے ہیں۔ ریاستی حکومت نے پیر کے دن عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ اس موقع پر حیدرآباد ٹریفک پولیس نے ٹریفک پر عارضی پابندیاں عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ بھکتوں کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔ لال دروازہ مہانکالی مندر کے اطراف کل اور پرسوں خصوصی ٹریفک انتظامات رہیں گے۔ ناگل چنتا، سدھاٹا کیز کی طرف سے لال دروازے کی طرف آنے والی گاڑیوں کو گولی پورہ کی طرف موڑ دیا جائے گا۔ شہر کے دیگر مقامات پر بھی ٹریفک پابندیاں رہیں گی۔

راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں احتجاج سے کشیدگی

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں ہفتہ کو اس وقت کچھ دیر کے لیے کشیدگی پیدا ہوگئی جب تلنگانہ کرکٹ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے بینر تلے بعض افراد نے احتجاج شروع کردیا۔ احتجاج کرنے والے کمیٹی کے ارکان کا مطالبہ تھا کہ حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن (ایچ سی اے) کی باڈی میں تمام اضلاع سے ارکان کو شامل کیا جائے اور تمام کرکٹ کلبوں کو مساوی مواقع فراہم کیے جائیں۔

حیدرآباد میں شدید بارش سے سڑکیں تالاب میں تبدیل

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) جمعہ کے روز ہوئی شدید بارش کے بعد حیدرآباد کے کئی علاقوں میں ہفتہ کو بھی سڑکوں پر پانی جمع ہوگیا، جس کی وجہ سے گاڑی چلانے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ سڑکوں پر کیچڑ جمع ہونے کے باعث گاڑیاں سست رفتاری سے چل رہی ہیں، جس کے نتیجہ میں کئی مقامات پر شدید ٹریفک جام ہوگیا۔ قطب اللہ پور کے جیڈی مطلہ ڈپو سے سورارم ملا ریڈی ہاسپٹل تک تقریباً 4 کلومیٹر طویل سڑک پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ اسی طرح کومپلی نیشنل ہائی وے پر جاری فلائی اوور کے تعمیری کام کے لیے کھودے گئے گڑھوں میں بارش کا پانی جمع ہوگیا، جسے پروکلیین مشین کے ذریعہ باہر نکالا جارہا ہے۔ اس عمل سے سڑکوں پر کیچڑ بڑھ گیا، جس سے مسئلہ مزید پیچیدہ ہوگیا۔ سورارم ملا ریڈی ہاسپٹل کے قریب پائپ لائن کے لیے کھودے گیے گڑھے میں بھی بارش کا پانی بھر گیا، جس سے کیچڑ ہوگیا اور ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہوئی۔ عوامی سطح پر مطالبہ کیا جارہا ہے کہ بارش سے نمٹنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو روزمرہ سفر میں دشواری نہ ہو۔

ٹی ٹی ڈی کے چار غیر ہندو ملازمین کو معطل کردیا گیا

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) اے پی کے ترملا ترو پتی دیوستھانم (ٹی ٹی ڈی) میں خدمات انجام دے رہے چار غیر ہندو ملازمین کو معطل کردیا گیا ہے۔ ٹی ٹی ڈی وجیلنس وِنگ کی رپورٹ کی بنیاد پر یہ کارروائی عمل میں لائی گئی، جس میں ان ملازمین کے عیسائی مذہب سے تعلق رکھنے کی تصدیق ہوئی۔ ہندو دھارمک ادارے میں خدمات انجام دیتے ہوئے انہوں نے اپنی مذہبی وابستگی کو پوشیدہ رکھا اور اپنے فرائض میں لاپرواہی برتی، جس پر انتظامیہ نے سخت نوٹس لیا۔ معطل کیے گئے افراد میں درج ذیل شامل ہیں: کوالٹی کنٹرول ڈپارٹمنٹ کے ڈپٹی ایگزیکٹو انجینئر بی۔ ایلیزر، بڑ اسپتال کی اسٹاف نرس ایس۔ روزی، بڑ اسپتال کی گریڈ 1 - فارماسسٹ ایم۔ پریماتی، ایس وی آیورویدا فارمیسی میں کام کرنے والی جی۔ اسنتھا۔

حیدرآباد میٹرو ریل توسیع منصوبے پر ارکان پارلیمنٹ کے لیے آگاہی پروگرام منعقد

حیدرآباد۔/19 جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حکومت تلنگانہ نے آج حیدرآباد میٹرو ریل کے توسیع منصوبے سے متعلق ارکان پارلیمنٹ) ایم پیز (کے لیے ایک آگاہی پروگرام کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ جناب بھٹی وکرامارکا، وزیر جناب کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، اور نائب اسپیکر ڈاکٹر رام چندر نائیک کے علاوہ کانگریس اور بی جے پی دونوں پارٹیوں کے ارکان پارلیمنٹ نے اس اجلاس میں شرکت کی۔ کانگریس کی جانب سے شامل ارکان میں چمالا کرن کمار ریڈی، پی بالارام نائیک، کندورو رگھوویر، ڈاکٹر ملوروی، آر۔ رگھورام ریڈی، سریش کمار شیٹکر، اور ایم۔ انیل کمار یادو اور بی جے پی کی طرف سے ایٹالا راجندر، ایم۔ رگھونندن راو اور کونڈا وشیشور ریڈی نے شرکت کی۔ وزرا نے تمام ارکان پارلیمنٹ پر زور دیا کہ وہ پارٹی سیاست سے بالا ہوکر اجتماعی طور پر کام کریں۔

فلم اداکار فِش وینکٹ کی موت۔ مہیش کمار گوڑ کا اخراج

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) مشہور تلگو فلم اداکار فِش وینکٹ کی موت پر تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فِش وینکٹ نچلی سطح سے ابھر کر فلمی دنیا میں ایک ممتاز مقام حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ انہوں نے 100 سے زائد فلموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھا کر عوامی مقبولیت حاصل کی۔ مہیش کمار گوڑ نے ان کی موت کو ایک افسوسناک سانحہ قرار دیا۔

بارش کے باعث سی آر پی ایف کی حفاظتی دیوار منہدم

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد کے چندرائن گٹہ علاقہ میں جمعہ کی شام ہوئی شدید بارش کے باعث سنٹرل ریزرو پولیس فورس گروپ سینٹر کی حفاظتی دیوار منہدم ہوگئی۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ایک کار وہاں سے گزر رہی تھی۔ دیوار کا ایک بڑا حصہ سڑک پر آ گرا لیکن خوش قسمتی سے کار سوار وقت پر رک گیا، جس سے ایک بڑا حادثہ ٹل گیا۔ مقامی افراد کے مطابق، اگر کار کچھ لمحے پہلے وہاں سے گزرتی تو جانی نقصان کا خدشہ تھا۔ واقعہ کی اطلاع متعلقہ حکام کو دے دی گئی ہے اور مزید بارش کے پیشِ نظر حفاظتی اقدامات کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔

تلنگانہ جورالا پراجیکٹ کے 23 دروازے کھول کر پانی خارج کیا گیا

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) مہاراشٹرا اور کرناٹک میں شدید بارش کے سبب تلنگانہ کے جورالا پراجیکٹ میں پانی کے بہاو میں زبردست اضافہ دیکھا گیا ہے۔ جمعہ کی نصف شب سے ہی جورالا پراجیکٹ میں اچانک پانی کی سطح تیزی سے بڑھنے لگی، جس کے پیش نظر حکام نے چوکسی اختیار کرتے ہوئے 23 دروازے کھول دیے اور بڑی مقدار میں پانی کو نچلے علاقوں کی طرف چھوڑا جارہا ہے۔ ذرائع کے مطابق جورالا پراجیکٹ میں بالائی علاقوں سے 1,15,000 کیوسک پانی داخل ہوا، جب کہ 23 دروازوں کے ذریعہ 1,24,562 کیوسک پانی خارج کیا گیا۔ پراجیکٹ کی مکمل آبی سطح 318.516 میٹر ہے، جب کہ فی الحال پانی کی سطح 317.520 میٹر تک پہنچ چکی ہے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ بالائی علاقوں میں بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی وجہ سے کسی بھی وقت پانی میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ اسی بنا پر ڈیم حکام مسلسل الرٹ پر ہیں اور ہر گھنٹے پانی کی آمد کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

این آئی اے کی جانب سے ممنوعہ مانوا زلیڈر سی پی موئدین عرف گریش کے خلاف چارج شیٹ داخل

حیدرآباد۔19/جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (این آئی اے) نے ممنوعہ کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (ماؤسٹ) کے سینئر لیڈر سی پی موئدین عرف گریش کے خلاف ایک انسدادِ ہند سازش کے مقدمہ میں چارج شیٹ داخل کردی ہے۔ یہ ضمنی چارج شیٹ حیدرآباد کی این آئی اے کی خصوصی عدالت میں داخل کی گئی۔ این آئی اے نے گریش کے خلاف غیر قانونی سرگرمیاں (روک تھام) ایکٹ 1967 اور انڈین پینل کوڈ کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا تھا۔ حکام کے مطابق، گریش پر ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہونے اور ممنوعہ تنظیم کے لیے کام کرنے کے الزامات ہیں۔ این آئی اے معاملے کی مزید تحقیقات جاری رکھے ہوئے ہے۔





ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کوسری شیٹائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے، بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔